پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو - کنیڈا

قیمت: ۵۰ سینٹ

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان - شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جمادی الاول ۱۴۰۱ھ
۱۰ مارچ ۱۹۸۱ء

جلد: ۱۰
شمارہ: ۱

طیارہ اغوا کرنے والوں نے دمشق میں ہتھیار ڈال دیئے

اغوا کا مقصد پاکستان کو افغان حکومت تسلیم کرنے پر مجبور کرنا تھا

پاکستان نے افغان حکومت کو تسلیم کرنے کے عوض طیارے کی واپسی مسترد کر دی تھی

افغان حکام نے دو روز بعد مطالبات کی فہرست مسلح افراد کو مہیا کی تھی

طارق رحیم کو اس لئے ہلاک کیا گیا کہ انہوں نے کابل ایئرپورٹ پر مرتضیٰ بھٹو کو شناخت کر لیا تھا

صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق اقوام متحدہ ... سے خطاب کر رہے ہیں

راجہ ظفر الحق

اسلام آباد ۔ الہلال رپورٹ ——— پاکستان کے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات راجہ ظفر الحق نے کہا ہے کہ پی آئی اے کے طیارے کے اغوا کا ایک مقصد یہ بھی تھا کہ پاکستان کو مجبور کیا جائے کہ وہ افغانستان کی حکومت کو تسلیم کرے۔ انہوں نے علماء کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دوبئی ... پاکستان کی حکومت افغان حکومت کو تسلیم کرے تو اغوا شدہ طیارہ پاکستان کو واپس کر دیا جائے گا۔ لیکن پاکستان نے اصولوں پر سمجھوتہ کرنے سے انکار کر دیا۔ راجہ ظفر الحق نے کہا کہ طیارے کے اغوا ہونے کے دو روز بعد تک اغوا کرنے والوں کے پاس نہ تو کوئی مطالبات تھے اور نہ ہی کوئی فہرست تھی لیکن بعد میں افغان حکومت نے طیارہ اغوا کرنے والوں کو ناموں کی فہرست مہیا کی اور ان کی رہائی کا مطالبہ کیا ۔ درحقیقت طیارہ اغوا کرنے والوں کو ان افراد کے ناموں اور پتوں کا بالکل علم نہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ طیارہ اغوا کرنے والوں نے طارق رحیم کو اس وقت گولی ماری جب ... نے کابل ایئرپورٹ پر مرتضیٰ بھٹو کو طیارہ اغوا کرنے والوں سے ملاقات کرتے ہوئے دیکھا ۔ راجہ ظفر الحق نے کہا کہ حکومت نے جن ۵۵ نظربندوں کو رہا کیا ان کے خلاف مقدمات ختم نہیں کئے جائیں گے ۔ ان نظربندوں کو صرف اس لئے رہا کیا گیا تاکہ بے گناہ مسافروں کی زندگی بچائی جا سکے۔ اب پاکستان کے عوام کو اپنے دشمنوں کا علم ہو چکا ہے اور وہ اب ملک دشمن عناصر کو کچلنے اور ان کے ملک کے خلاف ... کو ختم کرنے میں حکومت کی مدد کریں گے۔

اغوا کئے جانے والے طیارہ کے مسافروں اور عملے کے افراد کے ناموں کی فہرست

پرواز نمبر پی کے ۳۲۶ میں ٹورانٹو کے مسافر امانت علی خان، ان کی بیگم ساجدہ خان، والدہ تاجبار سلطانہ اور بہن شاہین اختر ۔ جو خیریت کے ساتھ اپنے مقام پر پہنچ چکے ہیں۔



کراچی ——— ... پی آئی اے کی ... پرواز نمبر ۳۲۶ ... کراچی سے پشاور جانے والے طیارہ ... مسافروں کی ... فہرست ... طیارہ کے عملے کے ارکان اور مسافروں کے نام حسب ذیل ہیں۔

طیارے کے عملے کے ارکان: کاک پٹ کریو کیپٹن سعید خان ... فرسٹ آفیسر ... فلائٹ انجینئر ... ایئر ہوسٹس ... انعام الحق ...

فرسٹ کلاس: [illegible]

اکانومی کلاس: [illegible]

[illegible]

طیارے کا اغوا پاکستان کے استحکام کیخلاف گہری سازش تھی

عوام کو تشدد کے ذریعہ اسلامی راہ سے ہٹایا نہیں جاسکتا۔ جنرل ضیاء

اغوا کرنے والوں کے ساتھ کابل میں مہمانوں کی طرح سلوک کیا گیا

پاکستان کا طیارہ اغوا کرنے والے تین افراد میں سے ایک شام کی فوجی گاڑی میں سوار ہونے کے بعد فتح کا نشان بنا رہا ہے

یرغمالیوں کی رہائی کے سلسلہ میں شام کی حکومت کی کوششوں کا شکریہ

[illegible]

پی آئی اے کے طیارے کے ہائی جیک کیے گئے مسافر عمرہ ادا کرنے کیلئے سعودی عرب پہنچ گئے

تمام مسافر اور عملہ کے افراد جسمانی اور ذہنی طور پر صحت مند ہیں۔ جنرل رحیم خان

دمشق۔ ۱۷ مارچ۔ (رائٹر) پی آئی اے کے اغوا شدہ طیارے سے رہا ہونے والے مسافر اور طیارے کے عملہ کے افراد [illegible]

[illegible]

لیبیا نے پاکستانی نظربندوں کو قبول کرنے سے کیوں انکار کیا؟

ہم اس طیارے کے اغوا کے معاملے میں ملوث نہیں ہونا چاہتے تھے۔ قذافی

طرابلس ۱۵ مارچ (؟)۔ لیبیا کے سربراہ کرنل قذافی نے کہا ہے کہ انہوں نے کل پاکستان کا طیارہ اغوا کرنے والے مسلح افراد اور یرغمالیوں کے بدلے میں رہا کیے جانے والے پاکستانی قیدیوں کو اس لیے قبول نہیں کیا کیونکہ ہمیں کوئی واضح اطلاع نہیں ملی تھی کہ یہ طیارہ کس نے اغوا کیا ہے اور آیا رہا کیے جانے والے قیدی سیاسی قیدی ہیں یا جرائم پیشہ۔ [illegible]

[illegible]

طیارے کا اغوا اور طارق رحیم کا قتل دہشتگردی ہے۔ آیت اللہ بہشتی

ان واقعات کے بنیادی اسباب و محرکات کی بیخ کنی بھی ضروری ہے

[illegible]

پی آئی اے کے طیارے کے ہائی جیک کیے گئے مسافر آج پشاور پہنچیں گے

صدر جنرل ضیاء مسافروں اور طیارے کے عملے کے افراد کا خیرمقدم کریں گے

اسلام آباد۔ ۱۷ مارچ (ریڈیو رپورٹ) پی آئی اے کے اغوا شدہ طیارے کے مسافر اور عملے کے افراد [illegible]

[illegible]

تیم عریاں پوسٹر ۔۔۔ کے اندر شائع ہوا

صیغہ ساکنات کو حکومت پنجاب کا انتباہ

[illegible]

حلال کباب ہاؤس کا افتتاح

۱۹ مارچ سے ہو گیا ہے

ہماری لذیذ ترین ورائیٹیز

چکن تکہ * سیخ کباب

شامی کباب * کوفتہ کباب * شیش کباب *

(ایک بار ضرور آزمائیے)

منزل

بہترین مٹھائیاں موتی چور لڈو ۔ برفیاں ۔ حبشی حلوہ (اسپیشل) ۔ رس گلے رس ملائی ۔ حلوہ سوہن (اسپیشل) اور دوسری مٹھائیاں ۔

لذیذ کھانے تندوری نان ۔ کباب ۔ تندوری چکن ۔ سموسے ۔ پراٹھے ہر وقت تیار ملتے ہیں ۔ اسپیشل بریانی ہر ہفتہ کے دن ۔

شادی بیاہ اور دیگر تقریبات کے کھانے ہاں تشریف لائیے اور ہماری بہترین خدمات سے فائدہ اٹھائیے

MANZIL

1431 Gerrard St., East

(416)466-5824

طیارہ کے اغوا کا منصوبہ مرتضی بھٹو نے ماہ پہلے لندن میں تیار کیا تھا

کرنل قذافی کی حمایت اور بین الاقوامی دہشت پسند کارلوس کی مدد شامل تھی!

لندن ——— سنڈے ٹائمز، محمد حنیف شیخ

اس بات کا خدشہ ظاہر کیا ہے کہ پی آئی اے کے بوئنگ کے اغوا کا منصوبہ لیبیا کے سربراہ کرنل قذافی کی حمایت سے لندن میں تیار کیا گیا تھا اور یہ منصوبہ بین الاقوامی دہشت پسند "کارلوس" کے مشورے سے تیار کیا گیا تھا۔ "سنڈے ٹائمز" نے تفصیلی تحقیقات کے بعد اس بات کا دعوی کیا ہے کہ مرتضی بھٹو نے حالات سے تنگ آ کر یہ منصوبہ تیار کیا تھا مرتضی بھٹو کی پاکستان لبریشن آرمی کا ہیڈ کوارٹر کابل قرار دیتے ہوئے رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ طیارہ کا موجودہ اغوا صدر جنرل ضیا کی حکومت کے خلاف جو اقدامات کے سلسلے کا پہلا حصہ ہے پاکستان کی وزارت دفاع کے سیکرٹری جنرل اور پی آئی اے کے سربراہ ریٹائرڈ میجر جنرل رحیم خان نے بھی دعوی کیا تھا کہ ان کے پاس اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ اس طیارے کے اغوا کا تعلق "کارلوس" اور تنظیم ... [illegible]

... [illegible]

پاکستان میں بائیں بازو سے تعلق رکھنے والے کئی سو افراد گرفتار کر لیے گئے

بیگم بھٹو کے ڈاکٹر، مشہور اداکار محمد علی اور مظہر علی خان بھی گرفتار ہونے والوں میں شامل ہیں

[illegible]

طارق رحیم کو علم تھا کہ وہ سب سے پہلے قتل کئے جائیں گے

طیارہ اغوا کرنے والے انہیں جنرل کہہ کر پکارتے تھے

کراچی ——— پی آئی اے کے اغوا شدہ طیارے پر اغوا کنندگان کے ہاتھوں قتل ہونے سے قبل طارق رحیم نے اپنے رشتہ داروں کو دو خط لکھے تھے جن میں مقتول نے واضح طور پر بتایا تھا کہ وہ نشانہ ... [illegible]

اور وہ یا تو سب سے پہلے رہا ہونے والے یرغمالیوں میں شامل ہوں گے یا اغوا کنندگان سب سے پہلے انہیں ہی ہلاک کریں گے طارق رحیم کا دوسرا اندازہ صحیح ثابت ہوا اور اغوا کنندگان نے انہیں قتل کر دیا طارق رحیم کے خطوط ان خواتین نے حاصل کر کے ان کے رشتہ داروں کو پہنچائے جو سب سے پہلے رہا ہونے والے ۱۹ افراد میں شامل تھیں ان خواتین کے نام نہیں بتائے گئے ان خواتین نے بتایا کہ طارق رحیم کو اغوا کنندگان جنرل کہہ کر پکارتے تھے شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ وہ ایک سابق جرنیل کے بیٹے تھے طارق نے بتایا اغوا کنندگان کی فہرست میں ان کا نام سب سے پہلے تھا اگر ... [illegible] ... کا یا سب سے پہلے ہلاک کر دیا جائے گا۔

حاضر کا مال

فلپس ۔ کیلوی نیٹر ۔ فلکو کے ریفریجریٹرز اور ڈیپ فریزر ۔ فلپس کمپیوٹرز ۔ ٹیلی ویژن ۔ وی سی آر ۔ واشنگ مشین ۔ فلکو اور واشنگ مشین ۔ سلائی مشین حاضر اسٹاک سے دستیاب ہے ۔ ہمارے کنٹینرز ہر ماہ کے ... بحری جہاز پاکستان کے لئے روانہ ہوتے ہیں اور روانگی سے ۳ ہفتوں کے اندر پاکستان پہنچ جاتے ہیں ۔

وقت اور روپیہ بچائیے

حکومت پاکستان کی دی ہوئی سہولتوں سے فائدہ اٹھائیے

ZHANCO EXPORT HOUSE
[Canada]INC.,

1033 Pape Avenue Toronto, Ont.
M4K 3W1
Phone:(416)421-658 or - 6

لیبیا میں کام کرنیوالے پاکستانیوں کو لیبیا کے عوام کے مساوی مراعات حاصل ہونگی

پاکستان سے افرادی قوت سرکاری اداروں کے ذریعہ فراہم کی جائے گی

مشترکہ وزارتی کمیشن کے اجلاس کے فیصلے

اسلام آباد ۔۔۔۔ پاکستان اور لیبیا کے درمیان دوستانہ تعلقات کو فروغ دینے ۔۔۔ [illegible]

[illegible]

کراچی یونیورسٹی میں ایک گروہ کا مسلح حملہ ۔ اندھا دھند فائرنگ

اسلامی جمعیت طلبہ کے رکن اور سابق اسپیکر سینیٹ حافظ محمد اسلم کو قتل کر دیا گیا

۵ طلبہ، ایک چپراسی اور دو چوکیدار شدید زخمی، ملزم واردات کے بعد فرار ہو گئے

کار میں آنے والے ملزموں کی گرفتاری کے لئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے ؛ سرکاری پریس نوٹ

کراچی ۔۔۔۔ [illegible]

[illegible]

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287

مارشل لا کے تحت ڈاکٹر مبشر کی گرفتاری

ایڈووکیٹ جنرل کو ۱۸ مارچ کا نوٹس دے دیا گیا

لاہور ۔۔۔۔ سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر مبشر حسن کی مارشل لا کے تحت گرفتاری ۔۔۔ [illegible]

[illegible]

اداکار محمد علی کی نظر بندی کے خلاف درخواست

لاہور ۔۔۔۔ لاہور ہائی کورٹ کے ۔۔۔ [illegible]

[illegible]

پاکستان کے سابق سفیر گرفتار

[illegible]

اسٹیل کی درآمد میں کمی کیلئے شرح ڈیوٹی پر نظر ثانی

حکومت چاہتی ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی زرعی و صنعتی شعبوں میں سرمایہ کاری کریں

اسلام آباد ۔۔۔۔ [illegible]

[illegible]

امریکہ نے ہمیشہ پاکستان میں فوجی حکومت کی حمایت کی : مسز اندرا گاندھی

دونوں عالمی حکمت عملی پر متفق ہیں ۔ پاکستان امریکہ کی بڑی مدد کر سکتا ہے

نئی دہلی ۔۔۔۔ [illegible]

[illegible]

ڈاکٹروں کی ہڑتال

[illegible]

پاکستان میں جمعہ کے روز کھیل نہیں ہونگے

اسلام آباد ۔۔۔۔ وفاقی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ ملک بھر میں جمعہ کے روز ہر قسم کے کھیلوں پر پابندی ہوگی ۔۔۔ [illegible]

شاہد کی نئی شادی کی تصدیق

۳۵ روپے حق مہر طے ہوا

شاہد کی اجازت کے بغیر نئی بیوی کا انٹرویو دینے سے انکار

لاہور ۔۔۔۔ خصوصی رپورٹ ۔۔۔ [illegible]

[illegible]

نکاح کی تقریب کی تصاویر نہیں بنائی گئیں

[illegible]

منزہ اور زمرد بھی اسلام آباد کا چکر لگا گئیں

ٹورانٹو میں پاکستانی ٹیلی ویژن ؟

ٹورانٹو میں آج کل غیر پاکستانی حضرات وطن پاک کے نام پر مفت وقت حاصل کر کے ٹیلی ویژن پر غیر معیاری اور پاکستانی تہذیب و ثقافت کے خلاف ٹیلی ویژن شو پیش کر رہے ہیں ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ پاکستانی حضرات خود اپنا پروگرام پیش کریں جو ہماری تہذیب کی نمائندگی کرے تو ذیل میں دیا ہوا کوپن پُر کر کے ہمیں بھیجئے ۔

Name ....

Address ....

Postal Code ....

Telephone No. ....

338 Hollyberry Trail, Willowdale, Toronto,
Ont. Canada M2H 2P6

نارنگ منڈی کو آفت زدہ قرار دیدیا گیا: طوفان میں جاں بحق ہونیوالوں کی تعداد ۵۶ ہوگئی

ایک کھاری و یف ہر پشراز کر ایک عمارت پر جا گرا، سُرخ طوفان نے پورے علاقہ کو تہہ و بالا کردیا

انٹاریو میں نئی تقلیل ترین شرح اُجرت

THE NEW MINIMUM WAGE RATES IN ONTARIO

انٹاریو میں ۱۳ مارچ سے نئی تقلیل ترین شرح اُجرت نافذ العمل ہوگی۔ اس شرح میں مزید اضافہ یکم اکتوبر سے ہوگا۔

عام شرح فی گھنٹہ
کام سیکھنے والوں کے لیے شرح فی گھنٹہ
طالب علموں کے لیے شرح فی گھنٹہ
لائسنس شدہ شراب خانوں پر کام کرنے کی شرح فی گھنٹہ
تعمیراتی کام کی شرح فی گھنٹہ

۱۳ مارچ سے	یکم اکتوبر سے
۴ ڈالر ۳۰ سینٹ	۴ ڈالر ۵۰ سینٹ
۴ ڈالر ۷۰ سینٹ	۴ ڈالر ۴۰ سینٹ
۴ ڈالر ۶۵ سینٹ	۴ ڈالر ۷۵ سینٹ
۴ ڈالر ۲۵ سینٹ	۴ ڈالر
۴ ڈالر ۵۵ سینٹ	۴ ڈالر ۷۰ سینٹ

مزید معلومات کے لیے ذیل کے شہروں میں ایمپلائمنٹ اسٹینڈرڈز برانچ، انٹاریو منسٹری آف لیبر سے رابطہ قائم کیجیے۔

TORONTO
400 University Avenue
M7A 1V2
Tel: (416) 965-5251

KINGSTON
1055 Princess Street
K7L 1H3
Tel: (613) 542-2853

OTTAWA
2197 Riverside Drive
K1H 7X3
Tel (613) 523-7530

SUDBURY
199 Larch Street
P3E 5P9
Tel: (705) 675-4455

WINDSOR
500 Ouellette Avenue
N9A 1B3
Tel: (519) 256-8278

HAMILTON
1 West Avenue South
L8N 2R9
Tel: (416) 527-2951

KITCHENER
824 King Street West
N2G 1G1
Tel: (519) 744-8101

ST. CATHARINES
205 King Street
L2R 3J5
Tel: (416) 682-7261

THUNDER BAY
435 James Street South
P7E 6E3
Tel: (807) 475-1691

KENORA
808 Robertson Street
P9N 1X9
Tel: (807) 468-3128

LONDON
205 Oxford Street East
N6A 5G6
Tel: (519) 439-3231

SAULT STE. MARIE
390 Bay Street
P6A 1X2
Tel: (705) 949-3331

TIMMINS
273 Third Avenue
P4N 1E2
Tel: (705) 267-6231

بلا فرق فون نمبر معلوم کرنے کے لیے اپنی علاقائی ٹیلی فون ڈائریکٹری میں سرکاری اداروں کی فہرست ملاحظہ کیجیے۔

Ministry of Labour
Ontario
Employment Standards Branch

جنگ ہونے والے بچوں کے جسمانی معائنہ کیا جا رہا ہے

طوفان میں ساحر کو ہلاک شدہ شخص

بیرون ملک پاکستانیوں کی خدمات کے لیے سروس ایجنسی قائم کی جائے گی

گوگا پہلوان بھتیجے کے ساتھ نمائشی کشتی کے دوران چل بسے

ناصر بھولو نے متعدد فلائنگ کک لگائیں، گوگا گر کر بے ہوش ہو گئے

نامور پہلوان گوگا کی موت کے بارے میں تفصیلات بتا رہے ہیں



گوگا کی میت پر اس کی بیوی ماتم کناں ہے

مرزا افضل بیگ کو جموں سے نکال دیا گیا

سری نگر ـــــ بھارتی مقبوضہ کشمیر کے سابق نائب وزیر اعلیٰ اور محاذ رائے شماری کانفرنس کے سربراہ مرزا افضل بیگ کو تین ماہ کے لیے مقبوضہ جموں سے نکال دیا گیا۔ ان کی سرگرمیوں پر پابندی عائد کر دی گئی ہے ان پر مقبوضہ ریاست میں افواہیں پھیلانے کا الزام لگایا گیا ہے مرزا افضل بیگ کو حکم کی تعمیل کرانے کے بعد دہلی پہنچا دیا گیا ہے۔

پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
[illegible]

اشاعت کا دسواں سال

اس شمارے کے ساتھ "الہلال" اللہ کے فضل سے اپنی اشاعت کے دسویں سال میں داخل ہو گیا ہے۔ ایک اجنبی دیار میں طرح طرح کی مشکلات، مصائب اور مسائل کا مقابلہ کرتے ہوئے پچھلے نو برسوں میں ایک ایک پرچے کا شائع ہو کر قارئین تک پہنچنا ہم پر اللہ کا بہت بڑا احسان رہا ہے۔

"اسلام" کی مخالفت یوں تو صدیوں سے چلی آ رہی ہے لیکن خاص طور پر پچھلے دو برسوں سے دنیا بھر کے اخبارات و رسائل اور نشریات میں اسلام کے خلاف سخت سازش چلی ہوئی ہے۔ حتیٰ کہ ہمارے رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ذات مبارک پر بھی حملے کیے جا رہے ہیں۔ وقت کا اہم تقاضا تھا کہ ان حملوں کا منہ توڑ جواب دیا جاتا۔ چنانچہ اس مقصد کے پیش نظر ہم نے اس اخبار کے انگریزی سیکشن کی توسیع کر کے اسے ایک علیحدہ پرچے کی صورت دے دی تاکہ بین الاقوامی سطح پر اسلامی تحریکات کی ترجمانی ہو سکے۔

"کریسنٹ انٹرنیشنل" کی ترتیب و تشکیل میں اہم مفکروں کے علاوہ ایسے ایسے دانشور اور مجاہد شامل ہو گئے ہیں جن پر دنیائے اسلام بجا طور پر فخر کر سکتی ہے۔ یہ ان ہی کے قلم کا کرشمہ ہے کہ "کریسنٹ" اب دنیا کے کونے کونے میں پہنچ کر امت مسلمہ کی آواز بن چکا ہے۔

"الہلال" حسب معمول بیرون وطن پاکستانیوں کو وطن عزیز کے سیاسی سماجی اور اقتصادی حالات سے باخبر رکھنے کی خدمت انجام دیتا رہے گا۔ ہمارے ہم وطن بھن بھائی اس جریدے کے ذریعے اپنی زبان میں مذہب، ادب اور سیاست وغیرہ پر فکر انگیز اور معلومات افزا مضامین پڑھتے رہیں گے۔ حالات حاضرہ پر تبصرے بھی ہوں گے اور طنز و مزاح کی چاشنی بھی۔ زبان و ادب اور تہذیب و ثقافت سے رسم و راہ باقی رکھنے میں "الہلال" اپنا فرض پورا کرتا رہے گا۔

خدا کے فضل سے شمالی امریکہ میں "الہلال" کے قارئین کی ایک طویل فہرست ہے جو وقت کے ساتھ ساتھ بڑھتی جا رہی ہے۔ ان میں وہ لوگ بھی ہیں جو ابتدا ہی سے ہمارے ساتھ ہیں اور ایسے مہربان بھی جو آتے جاتے رہتے ہیں۔ ساتھ چھوڑنے والوں کی اکثریت ایسی ہے جنہیں کینیڈا کے محکمۂ ڈاک نے ہماری جانب سے بدظن کیا ہوا ہے۔ چنانچہ ہم اپنے نئے پڑھنے والوں سے گزارش کریں گے کہ وہ محکمۂ ڈاک کی نااہلی کو ہماری کوتاہی پر محمول نہ کریں۔ گزشتہ نو برس اور ہمارے معزز کرم فرما اس بات کے شاہد ہیں ہم نے اس خدمت کو عبادت سے کم نہیں سمجھا ہے!

ادارۂ "الہلال" و "کریسنٹ" اپنے قارئین اور کرم فرماؤں کا تہِ دل سے مشکور ہے جن کی اعانت اور حوصلہ افزائی کے بغیر یہ طویل مسافت طے کرنی ممکن ہی نہیں تھی۔ امید ہے کہ اس تعاون سے ہم محروم نہیں رہیں گے اور اللہ کے حکم سے آئندہ بھی کچھ آپ کی خدمت کر سکیں گے۔ (ادارہ)

۲۳ مارچ کا دن

برصغیر کے مسلمانوں کی امنگوں، آرزوؤں اور غیرت ملی کی یادگار

"اناد شمنوں اور نادانوں دوستوں نے اس دن کی اہمیت کم کرنے میں کیا کیا گل کھلائے"

وقار انبالوی

[illegible]

آج کا دن

آج تئیس مارچ کا دن زندگی افروز ہے
رات دن گردش پہ جس کے روز و سال
آج کے دن ہم حق سے کر یہ عہد جدید
مشرق و مغرب کی سازش کا وقار خون تمام
آج کے دن کفر ٹوٹا تھا خدا کے نام سے
آج کے دن نیند سے جاگا تھا پھر یہ کارواں
معجزہ قرآن پہ ایمان سے افزوں کا

یاد ہے اعلان پاکستان کا وہ روز
آج کے دن کی یاد ہیں گے زمانے میں شاں
ایک مومن مرد نے للکار کر خیبر کو
کو کہا تھا ملت آزاد کو جس نے غلام
تھا یہ اعلان، دل گیر سے اعتصام سے
منزل مقصود سلطنت کی جانب تھا رواں
آج کے دن عزم ایسا تھا جیسے تازہ کا

قائداعظم کے لب، اقبال کی تعبیر خواب
آج کے دن آفتاب آمد دلیل آفتاب

ابوالامتیاز ع۔ س۔ مسلم

لا شریک ——— علامہ اقبال

صبح ازل یہ مجھ سے کہا جبرئیل نے
جو عقل کا غلام ہو وہ دل نہ کر قبول

باطل دوئی پسند ہے حق لا شریک ہے
شرکت میانۂ حق و باطل نہ کر قبول

ادب و ثقافت

حضرت ذوق دہلوی اور دلی والوں کا ذوق

(ذوق کی قبر کے سامنے پیشاب گھر کی تعمیر۔ ایک خبر)

حال ہی میں ایک خبر پڑھ کر بڑا افسوس ہوا۔ اس خبر کا خلاصہ یہ ہے کہ انجمن ترقی اردو دہلی کے سکریٹری ڈاکٹر خلیق انجم نے اپنی ایک پریس کانفرنس میں اس بات پر احتجاج کیا ہے کہ شاہ ظفر کے استاد حضرت ذوق کی قبر کے ساتھ پیشاب گھر کی تعمیر سے اردو ادب کے پرستاروں کو بڑی تکلیف پہنچی ہے۔ [illegible]

معذرت نامہ پیش کر دیا۔ جسے شاہ ظفر نے قبول بھی کر لیا۔

لیکن آگے چل کر غالب کا یہی معذرت نامہ استاد ذوق کے لیے [illegible]

[illegible]

اختر مہرانی

انگریزی میں منتقل کیا ہے اور خصوصاً "امراؤ جان ادا" کا ان کا ترجمہ بہت معروف ہوا۔ [illegible]

[illegible] "آفتاب" اختر مہرانی کے نام سے شائع ہوا ہے۔ [illegible]

"پریم سبھا"!

کراچی کے چند ادیبوں، شاعروں اور سیاست کاروں نے بھارت کی خوشنودی کے لیے "پریم سبھا" نامی انجمن بنا رکھی ہے جس کے مقاصد یہ ہیں کہ ادبی ثقافتی سطح پر بھارت اور پاکستان میں ہم آہنگی، وفود کا تبادلہ اور دوستانہ تعلقات پیدا کیے جائیں۔ جوش کا یہ عالم ہے کہ ان حضرات کو اُردو زبان میں ایسے الفاظ تک نہ ملے کہ اس انجمن کا کوئی پیارا سا نام رکھ سکیں مجبوراً کچھ یار لوگوں نے ہندی کا سہارا لیا اور "پریم سبھا" نام رکھ دیا۔

پریم سبھا عام طور پر بھارت سے آنے والے ادیبوں اور شعراء کو خوش آمدید کہتی ہے ان کی راہ میں آنکھیں بچھاتی ہے۔ بھارت کے سفارتی نمائندوں کو ایسے مواقع پر خصوصی دعوت دے کر بلایا جاتا ہے۔ یہاں ان کی سنی جاتی ہے کچھ اپنی کہی جاتی ہے اور یہ تاثر دینے کی کوشش کی جاتی ہے کہ پاکستانی ادیب و شاعر تو ادبی اور ثقافتی سطح پر بھارتی ادیبوں اور شاعروں کی ہم خیالی اور ہم نظری کے لیے بیتاب ہیں۔

.... پریم سبھا والے اگر ایسی محفلوں میں بھارتی اکثریت اور بھارتی حکومت کی توجہ ان زیادتیوں کی طرف منعطف کرائیں جو ۳۴ سال سے مسلسل مسلمان اقلیت پر اور وہ ریشہ دوانیاں جو پاکستان کے خلاف کی جا رہی ہیں، تو ہم پریم سبھا کی جرأت و ہمت کو سلام کریں اور سمجھیں کہ تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجائی جا رہی......

—— راز مراد آبادی

بعد نامہ نوائے وقت، کراچی، ۸ فروری ۱۹۸۱ء

تازہ بہ تازہ نو بہ نو

خوشونت سنگھ اور اردو

بھارت کے مشہور انگریزی زبان کے مصنف، ناول نگار اور صحافی خوشونت سنگھ [illegible]

[illegible] انگریزی پڑھنا اور لکھنا چھوڑ چکے ہیں [illegible]

[illegible] اردو کے مقابلے میں بہت آسان ہے۔

واضح رہے کہ خوشونت سنگھ نے اردو کی چیزوں کو [illegible]

سید عبدالحمید عدم

[illegible]

شبلی بی کام اور عظیم قریشی

[illegible]

حکیم یوسف حسن اور ڈاکٹر شجاع ناموس

[illegible]

سید نذیر نیازی اور ڈاکٹر عبدالحمید

[illegible]

تہذیبی لحاظ سے لاہور مفلس ہو رہا ہے

[illegible]

عُمر
آئینِ جوانمرداں حق گوئی و بیباکی کی زندہ مثال

مسلمانانِ عالم کے لیئے پیغام بیداری

دنیا بھر میں اپنی طرز کا واحد جریدہ

اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان

"کریسنٹ انٹرنیشنل"

جو ٹورانٹو سے انگریزی زبان میں ہر پندرہ دن بعد شائع ہوتا ہے اور دنیا کے کونے کونے میں بھیجا جاتا ہے۔

"الہلال" کے خریدار صرف سات ڈالر میں یہ پرچہ سال بھر کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔ ملاحظہ کیجئے کوپن صفحہ آخر پر۔

پاکستانی سفارت خانے کا عارضی دفتر

ٹورانٹو اور اس کے قرب و جوار میں رہنے والے پاکستانیوں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ پاکستانی سفارت خانے کا عارضی دفتر ٹورانٹو میں ۲۷ مارچ سے ۲۹ مارچ تک کھلا رہے گا۔ مقام "چیلسی اِن" واقع ۳۳ جیرارڈ اسٹریٹ ویسٹ۔ اوقات صبح ۹ بجے سے شام ۵ بجے تک ہوں گے۔ درمیان میں ایک سے دو بجے تک کھانے کا وقفہ ہوگا۔ فون نمبر ہے۔

(416)595-1975

سیمینار

پاکستان اسٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے ۲۸ مارچ کو واٹرلو یونیورسٹی، گریٹ ہال، کنراڈ گریبل کالج میں ایک سیمینار منعقد ہوگا۔ جس میں پاکستان کی سیاست پر پروفیسر خالد بن سعید اور قمر بنگش تقریر کریں گے۔

"ڈکٹیٹر، شیر پاؤ، نصیر الدین بابر نظر بند"

لندن۔ (ہ ب ا ش)

آمدہ اطلاعات میں کہا گیا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں ریٹائرڈ جنرل ٹکا خان، آفتاب شیرپاؤ اور سابق گورنر سرحد ریٹائرڈ میجر جنرل نصیر الدین بابر کو نظر بند کر دیا گیا ہے۔

مولانا آزاد کی خفیہ وصیت ۱۹۸۸ء میں شائع کی جائے گی

[illegible]

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورتِ رشتہ

پاکستانی کینیڈین سٹیزن ۱۹ سالہ مسلمان لڑکی کے لیئے رشتہ درکار ہے۔ لڑکا ڈاکٹری، انجینئرنگ یا اکاؤنٹنگ میں تعلیم مکمل کر چکا ہو یا مکمل کرنے والا ہو۔ براہِ مہربانی پہلے ہی خط میں تمام تفصیلات بھیجیے۔

M. B.
C/o al-Hilal

•

پنجابی کینیڈین سٹیزن برسرِ روزگار نوجوان کیلیئے خوبصورت دوشیزہ کا رشتہ درکار ہے۔ خط و کتابت جیت کے لیے پہلے ہی خط میں مکمل تفصیلات بھیجئے۔

P. O. Box 356
STATION "J"
TORONTO, ONT.
M4J 4Y8

•

قارئین نوٹ فرمائیں

"الہلال" کی تاریخ اشاعت اپریل ۱۹۸۷ء سے بدلی جا رہی ہے۔ اب یہ پندرہ روزہ جریدہ یکم اور ۱۵ تاریخ کی بجائے ہر مہینے ۱۵ اور ۳۰ تاریخ کو شائع ہوا کرے گا۔ تاریخ اشاعت کے بعد آٹھ دس دن تک آپکو اخبار نہ ملے تو اپنے علاقے کے پوسٹ آفس سے شکایت کیجیئے۔

جیسا کہ ہم نے پچھلے شمارے میں لکھا تھا کہ اب "الہلال" اور "کریسنٹ" علیحدہ علیحدہ ڈاک سے بھیجے جا رہے ہیں۔ ایک ہفتہ "کریسنٹ" اور دوسرے ہفتے "الہلال" بھیجا جاتا ہے۔ "الہلال" کے خریدار اگر انگریزی "کریسنٹ" بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو ہمیں مطلع فرمائیں۔ (ادارہ)

Canada
Why do you live here?

آپ کینیڈا میں کیوں رہتے ہیں؟

ہوسکتا ہے کہ آپ اس ملک میں پیدا ہوئے ہوں یا ہوسکتا ہے کہ آپ کی پیدائش اس ملک کی نہ ہو۔

لیکن آپ یہاں اس لیے رہائش پذیر ہیں کہ آپ یا آپ کے آباؤ اجداد نے کینیڈا کو اپنی رہائش کے لیے منتخب کیا ہے۔ اور اس انتخاب کی وجہ وہ سہولتیں ہیں جو کینیڈا یہاں رہنے والے ہر فرد کو پیش کرتا ہے۔

یہ ایک ایسی قوم ہے جو زندگی میں آزادی اور ترقی کے مواقع فراہم کرتی ہے — ایک قوم جو ہر نسل، مذہب اور ثقافت کے افراد کو خوش آمدید کہتی ہے اور ان کا احترام کرتی ہے۔

ہمارے کینیڈین ہونے کی یہی وجہ ہے۔

Multiculturalism

Honourable Jim Fleming
Minister of State
Multiculturalism

L'honorable Jim Fleming
Ministre d'État
Multiculturalisme

Canadä

غیر سودی تجارت

اسلامی لٹریچر کی طباعت و اشاعت میں رقم لگایئے

معقول منافع

اجر و ثواب تا قیامت

[illegible]

KAZI PUBLICATIONS
1520 N Wells St., Chicago,
Il. 60610, USA Tele: (312) 642-1201

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)

ہائی جیکر عالمگیر نے کہا

- ہم نے حافظ اسلم کو قتل کیا
- کراچی یونیورسٹی میں جیپ جلائی
- ڈی سی ۱۰ طیارہ تباہ کیا
- نیشنل اسٹیڈیم میں دھماکہ کیا
- کراچی میں پولیس سے رائفلیں چھینیں
- لاہور میں جج کے ایئرکنڈیشنر میں بم رکھا
- پاڑہ چنار میں ڈی سی آفس میں بم رکھا
- باجوڑ میں ۲ پولیس والوں کو قتل کیا

اغواشدہ طیارے کے مسافروں کی رہائی میں تاخیر کی ذمہ داری روس پر بھی ہے

مسافروں کو رہا کرانے کے لئے روس نے اپنا اثر و رسوخ استعمال نہیں کیا: امریکی ترجمان

واشنگٹن ——— (رائٹر) امریکی حکومت نے کہا ہے کہ ...

بھٹو خاندان نے پیپلز پارٹی کو انتقامی پارٹی میں تبدیل کر دیا ہے

طیارے کے اغوا کے بعد کئی عہدیداروں نے پارٹی سے کنارہ کشی کر لی ہے: واشنگٹن پوسٹ

صوبہ سندھ کے وزراء کا مختصر تعارف

طیارہ اغوا کرنے والوں کے حق میں طلبہ کا مظاہرہ

طیارے کے دو اغوا کنندگان اس سال بی ایس سی فائنل کا امتحان دینے والے تھے

کراچی میں ڈاکٹر روزانہ دو گھنٹے کی علامتی ہڑتال کریں گے

پنجاب میں جونیئر ڈاکٹروں کی ہڑتال جاری ہے

راولپنڈی ——— (نامہ نگار) ...

بیگم بھٹو اور مس بے نظیر کو قید تنہائی میں رکھا گیا ہے

عدالت عالیہ نے نظربندی کے خلاف دائر درخواست کی سماعت ملتوی کر دی



برغمالیوں کے بدلے رہا ہونے والے بیشتر افراد پیپلز پارٹی کے سرگرم کارکن ہیں

حکومت پاکستان نے ۵۴ میں سے ۲۷ افراد کے ناموں کی فہرست جاری کر دی

اسلام آباد ـــــ حکومت پاکستان

[illegible]

مزید ۲۷ مجرموں کی فہرست

اسلام آباد ـــــ حکومت پاکستان نے

[illegible]

بے نظیر بھٹو کو سکھر جیل میں منتقل کر دیا گیا

کراچی ـــــ پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما اور سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کی صاحبزادی مس بے نظیر بھٹو کو جنہیں ان کی والدہ بیگم نصرت بھٹو کے ساتھ کراچی جیل میں رکھا گیا تھا سنٹرل جیل سکھر منتقل کر دیا گیا ہے

[illegible]

گروسری ۔ سبزیاں ۔ مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

الفلاح

ALFLAH GROCER

Tel. 762-1633

2783 Dundas St. West

Toronto, Ont.

کامیاب زندگی

ایک دوسرے سے باتیں کرتے ہوئے ہم لوگ اکثر کہتے ہیں کہ فلاں شخص کی زندگی کامیاب ہے اور فلاں کی ناکام۔ ہم لیڈر، پیسہ، دولت، شہرت اور عزت پانے والے پیمانے ہیں جن سے ہم کامیابی اور ناکامی کا اندازہ لگاتے ہیں لیکن کیا واقعی جسے ہم کامیاب سمجھتے ہیں وہ کامیابی کی منزل پا چکا ہے اور جسے ہم نے ناکام سمجھا وہی حقیقت میں کامیاب و کامران تو نہیں؟ زندگی کے متعلق اپنے خیالات پیش کرتے ہوئے مجھے ایک واقعہ یاد آیا ہے۔

ایک روز میں کانگڑہ کے ایک پہاڑ کی خوبصورت وادی میں سیر کر رہا تھا کہ بارش شروع ہوگئی اور مجھے ایک چرواہے کی جھونپڑی میں پناہ لینی پڑی۔ چرواہے کی عمر چالیس سال سے اوپر معلوم ہوتی تھی۔ وہ کھڈی پر اونی کپڑا بن رہا تھا۔ اس کے پاس ہی کھاٹ پر ایک نحیف و لاغر بڈھا اور دو کمسن بچے بیٹھے تھے۔ دوسرے کونے میں چرواہے کی بیوی اون کات رہی تھی۔ میں نے باتوں باتوں میں پوچھا کہ کیا تم کبھی اس پہاڑ کی چوٹی پر گئے ہو۔ وہ بولا "نہیں"۔ میں صرف اپنی بھیڑ بکریاں چرانے کے لئے پہاڑ پر جاتا ہوں لیکن بلند چوٹی پر گھاس نہیں ہوتی۔

یہ بات میرے لئے بہت عجیب تھی کہ کوئی شخص ان پہاڑوں میں پیدا ہوا ہو اور اس کے دل میں ان کی آخری بلندی تک پہنچنے کی خواہش نہ ہو۔ لیکن چند اور سوال پوچھنے پر معلوم ہوا کہ یہ چرواہا جس دنیا میں رہتا ہے وہ بذات خود اس قدر مکمل ہے کہ اسے کسی نئے افق کے پار جھانکنے کی ضرورت پیش نہیں آتی۔ بچپن میں وہ اپنے بزرگوں کی بھیڑ بکریاں چرا کر یا شہر میں بکریاں بیچ کر اپنی بیوہ ماں کا پیٹ پالتا تھا۔ جوانی میں اس نے چند بھیڑیں خرید لیں اور ان کی اون سے کپڑا تیار کر کے بیچنے لگا۔ اس کی اپنی کوئی اولاد نہیں تھی لیکن بیوی کے علاوہ تین اور افراد کا پیٹ پالتا تھا۔ ان میں سے ایک ضعیف العمر نابینا تھا جسے میں نے کھاٹ پر دیکھا تھا۔ اور دو بچے جو اس کے پاس بیٹھے تھے چرواہے نے بتایا کہ یہ بچے اس نادار بوڑھے کے بیٹے کے بچے ہیں۔ دنیا میں ان کا بوجھ اٹھانے والا کوئی نہیں تھا اس لئے میں انہیں اپنے گھر لے آیا۔ ان کی دیکھ بھال میری زندگی کی سب سے بڑی دلچسپی ہے اور مجھے ان کا پیٹ پالنے کے لئے پہلے سے زیادہ محنت کرنی پڑتی ہے۔ بیٹے کی موت کے صدمے سے بوڑھے کی دماغی حالت ٹھیک نہیں رہی۔ میں اس کا بیٹا ہوں اور میں نے کبھی اسے محسوس نہیں ہونے دیا کہ اس کا بیٹا مر چکا ہے۔

تھوڑی دیر بعد بارش ختم ہوگئی اور جب میں وہاں سے چلا تو یہ چرواہا گھر والوں کا [illegible] اور [illegible] کا بوجھ اٹھا کر میرے ساتھ چلا۔ اس کے چہرے کے اطمینان سے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ کوئی مقدس فریضہ ادا کرنے جا رہا ہے۔ ایک اندھے اور دو یتیم بچوں کی پرورش کے لئے اسے چرواہے کو سخت کام کرنے پڑتے ہیں۔ وہ بھیڑ بکریاں چراتا، کپڑے بنتا اور تقریباً ہر روز لکڑیاں اور دودھ بیچنے جاتا ہے۔ اس کے عمل کا دائرہ کتنا محدود تھا۔ زندگی کی کوئی ایسی کامیابی اس کے مقصد میں نہ تھی جو ایک انسان کے لئے شہرت اور عزت کے دروازے کھول دیتی ہے لیکن دل کے اطمینان کو کامیابی کہا جاتا ہے تو یہ چرواہا بلاشبہ ایک کامیاب انسان تھا۔

اس دنیا کے مسافر مختلف راستوں سے اپنا سفر طے کرتے ہیں۔ ایک فاتح اپنی تلوار کی نوک سے شہرت و ناموری کے دروازے کھولتا ہے۔ ایک سپاہی قوم کی عزت کے لئے اپنا خون پیش کرتا ہے۔ کوئی کامیاب تاجر و صنعت کار ہے اور سونے چاندی کے انبار جمع کرتا ہے تو کوئی تہی دست ہے اس کے حوصلے اور ولولے [illegible] رہنے تک محدود ہو جاتے ہیں۔ عالم، مفکر، ادیب اور شاعر زندگی کا دامن علم و دانش کے خزانے سے بھر دیتے ہیں لیکن آخری منزل تک پہنچ کر سب لوگ اس تلخ حقیقت کا اعتراف کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ فتوحات اور کامیابیوں کا زمانہ شہاب ثاقب کی جھلک سے زیادہ نہیں۔ ماضی ایک ایسا پرسکون سمندر تھا جس پر کہر چھایا ہوا تھا اور جب وہ سمندر کی سطح پر اپنے قدموں کے نشان تلاش کرتے ہیں تو ان کے پاس نیک اعمال جزیروں کی شاہراہوں کی طرح ابھر آتے ہیں۔ یہاں چھوٹے اور بڑے، اعلیٰ و ادنیٰ، کمزور اور طاقتور امیر و غریب کی تخصیص نہیں۔ قدرت ہر ایک انسان کو شاہراہ حیات پر وہ نقوش چھوڑنے کا موقع دیتی ہے جو اسے آخری لمحات میں ساری زندگی کا سرمایہ معلوم ہوتے ہیں۔

اس دنیا میں انسان کی ہر خواہش پوری نہیں ہوتی اور نہ ہر خواہش کی تکمیل کو کامیاب کہا جاتا ہے۔ میرے نزدیک حقیقی کامیابی دل کا اطمینان ہے۔ فرض کیجئے ایک آدمی دولت جمع کرنے کے لئے شب و روز محنت کرتا ہے۔ وہ سونے چاندی کے انبار اکٹھے کر لیتا ہے اور اپنے محل کو قیمتی سامان سے آراستہ کرتا ہے لیکن اس محل کے پچھواڑے ایک ٹوٹے پھوٹے چھپر کے نیچے ایک ضعیف بیوہ اور اس کے بھوکے اور ننگے بچے سردی سے ٹھٹھر رہے ہیں۔ پھر اس شہر یا محلے کا دوسرا اسی طرح محنت کرتا ہے لیکن جھونپڑے سے زیادہ کچھ نہیں بنا سکتا ہے۔ تاہم غریب آدمی اپنی روزی کے ہر نوالے میں سے کسی بے بس یا نادار ہمسائے کو برابر کا حصہ دار سمجھتا ہے۔ دونوں انسان ہیں۔ لیکن دونوں کے آخری لمحات کا تصور کیجئے۔ محل کا مقیم تصور میں ان پڑوسیوں کو دیکھتا ہے جنہیں اس نے اپنی زندگی میں کبھی قابل توجہ نہیں سمجھا۔ ایک بڑھیا اس سے کہہ رہی ہے جس وقت

کچھ یادیں کچھ باتیں

رات تمام امراء اور معززین شہر تمہارے ہاں دعوت کھا رہے تھے میرے یتیم بچے بھوکے سوئے ہوئے تھے۔ ایک اپاہج بوڑھا اس سے کہہ رہا ہے، جس رات تم نے اپنے محل کی خوشی میں جشن منایا تھا میں تمہارے دروازے سے چند قدم دور سردی سے ٹھٹھر کر مر گیا تھا۔ دوسری طرف جھونپڑے کا مقیم اپنے ماضی کا محاسبہ کرتا ہے اور اسے اس نادار پڑوسی کے وجود میں پوری انسانیت کی مسکراہٹیں دکھائی دیتی ہیں جسے اس نے اپنے محدود وسائل میں حصہ دار بنایا تھا۔ اس کے لئے اس سے زیادہ اطمینان کیا ہو سکتا ہے کہ اس نے اپنی پوری محنت خلوص اور دیانت داری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیئے۔

ایک تیسرا آدمی اب بھی ہو سکتا ہے جو محل کے مقیم سے زیادہ دولت کمائے لیکن جھونپڑے میں رہنے والے غریب آدمی کی طرح خلق خدا کا زیادہ محسن ہو۔ ایسے لوگ یقیناً زیادہ خوش قسمت ہیں جو دنیاوی عروج کے ساتھ اخلاقی عظمت کو بھی پا لیتے ہیں۔ دنیاوی کامیابی اور شان و شوکت ہر شخص کے قدم نہیں چومتی۔ ہر مسافر بلند ترین پہاڑ کی چوٹی پر جھنڈے نہیں گاڑ سکتا لیکن میرے نزدیک کسی مقصد کے حصول کو کامیابی نہیں سمجھنا چاہیے۔ بلکہ اس مقصد کے حصول کے لئے تمام ذہنی و جسمانی صلاحیتیں صرف کرنے کے بعد یہ اطمینان حاصل کر لینا بھی کامیابی ہے کہ میری ہمت کی حد یہیں تک تھی اور میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کر سکتا۔ زندگی کا محاسبہ کرنے کے بعد اگر انسان کو یہ اطمینان ہو جائے کہ میں جس گلے کا چرواہا تھا اس کی میں نے حفاظت کی۔ جس باغ کا مالی تھا اس کی آبیاری کی جس کھیت کا کسان تھا اس میں پوری محنت اور جفاکشی سے کام کیا۔

غرض معاشرے نے مجھے جو ذمہ داری سونپی میں نے پوری دیانت سے انجام دی۔ یقیناً اس شخص کی زندگی کو ایک کامیاب زندگی کہا جا سکتا ہے۔

(نسیم حجازی)

قتل کی سازش میں خروشچیف سمیت اسٹالن کے چار قریبی ساتھی شامل تھے

اسٹالن کی موت ایک نرس کے ہاتھوں ہوئی

نرس نے کمرے میں داخل ہوتے ہی اسٹالن پر سیال مادہ چھینک دیا اور زہر کے انجکشن لگاتی رہی

پیرس ۔۔۔ (خصوصی رپورٹ) روس کے آنجہانی ڈکٹیٹر اسٹالن کی موت ایک نرس کے ہاتھوں واقع ہوئی تھی۔ اس کا انکشاف روس کے ایک جلاوطن مورخ اے اورتخانوف کی شائع ہونے والی ایک کتاب میں کیا گیا ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ [illegible] میں ان کے چار رفقاء نے ان کی موت کے [illegible] تیار کیا تھا کہ اسٹالن نے تمام روسی یہودیوں کے خلاف منصوبہ تیار کر لیا تھا [illegible] جبکہ اسٹالن کے ان چار ساتھیوں میں خفیہ پولیس کے سربراہ بیریا، خروشچیف [illegible] وزیر اعظم، مالنکوف [illegible] اور ایک وزیر اعظم مارشل بلگانن شامل ہیں [illegible]

کی تحقیقات پر مشتمل ہے جو چند سال کی تحقیق کے بعد لکھی گئی ہے۔ ایک انٹرویو میں کتاب کے مصنف نے بتایا کہ دیگر روسی ماہرین تاریخ نے بھی سرکاری اعلان کے مطابق دل کا دورہ پڑنے سے اسٹالن کی موت واقع ہونے پر شبہ کا اظہار کیا تھا۔ مصنف نے واقعات کی چھان بین سے جو نتیجہ اخذ کیا ہے وہ یہ ہے کہ اسٹالن کی موت ایک سازش کا نتیجہ تھی اور ان کے قاتل ان کے چار قریبی ساتھی تھے۔ قتل

روسی یہودیوں کو جلاوطن بنانے کے منصوبہ نے اسٹالن کو موت کے منہ میں دھکیل دیا

کی سازش کا خفیہ نام [illegible] رکھا گیا [illegible] منصوبہ تھا کہ ماسکو کے باہر اسٹالن کے مکان کو ان کی موجودگی میں [illegible] لیکن بیریا کی مقرر کردہ ایک نرس نے اسٹالن کا کام تمام کیا جسے خفیہ پولیس کے سربراہ بیریا نے [illegible] کی حیثیت سے اسٹالن کے گھر بھیج دیا اور وہ بار بار انہیں زہر کا انجکشن دیتی رہی۔ یہ سب کچھ [illegible] کی شام کو ہوا [illegible] ان کی سرکاری طور پر [illegible] اسٹالن کا انتقال ہو گیا [illegible]

اسٹالن کی موت دل کا دورہ پڑنے سے نہیں ہوئی تھی سرکاری اعلان مشکوک تھا، جلاوطن روسی مورخ اے اورتخانوف کا انکشاف

کہ ایک میٹنگ میں بتایا تھا کہ وہ تمام یہودیوں کو سائبیریا میں جلاوطن کر دینا چاہتے تھے [illegible]

اسٹالن

اسٹالن کی بیٹی سوتیلانہ

[illegible]

جرأت اندیشہ ——— علامہ اقبالؒ

حلقۂ شوق میں وہ جرأت اندیشہ کہاں
آہ محکومی و تقلید و زوال تحقیق

خود بدلتے نہیں قرآں کو بدل دیتے ہیں
ہوئے کس درجہ فقیہان حرم بے توفیق

مقام آدمیت ———

عجب نہیں کہ خدا تک تری رسائی ہو
تری نگہ سے ہے پوشیدہ آدمی کا مقام
تری نماز میں باقی جلال ہے نہ جمال
تری اذاں میں نہیں ہے مری سحر کا پیام

fortnightly
al-Hilal
50 ¢
VOL.10, NO.1
MARCH 20, 1981
Phone: 424-1989, 493-4374
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

۲۳- اراکین پر مشتمل نئی وفاقی کابینہ نے حلف اٹھا لیا

نئے وزراء میں الٰہی بخش سومرو، ارباب نیاز محمد، فخر امام، غلام دستگیر خان، جوگیزئی اور راؤ فرمان علی بھی شامل ہیں

نئے وفاقی وزراء اور مشیر

عباس خان عباسی — میجر جنرل جمالی داد — راؤ فرمان علی — راجہ ظفر الحق — الٰہی بخش سومرو — ارباب نیاز محمد — نصیر الدین جوگیزئی — جنرل سعید قادر — فخر امام — غلام دستگیر خان

سابقہ کابینہ کے ۹ وزیر بھی نئی کابینہ میں شامل کئے گئے ہیں

[illegible]

اغوا ہونے والا طیارہ کراچی پہنچ گیا

[illegible]

راجہ سکندر زمان — ظفر اللہ جمالی — بیگم عفیفہ ممدوٹ — ڈاکٹر امام — شیخ عزت علی — ڈاکٹر محمد افضل

اندرا گاندھی میری حکومت کا تختہ الٹنا چاہتی ہیں: شیخ عبداللہ

[illegible]

بے نظیر بھٹو کی گرفتاری تک صنم بھٹو نظر بند رہیں

[illegible]

مرتضیٰ بھٹو طیارے کے اغوا میں ملوث نہیں مگر

[illegible]

کراچی میں بس جلا دی گئی

[illegible]

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ

الہلال

ٹورنٹو کینیڈا

سالانہ زرِ خریداری برائے "الہلال": دس ڈالر
سالانہ زرِ خریداری برائے "کریسنٹ": دس ڈالر
سالانہ زرِ خریداری برائے "الہلال و کریسنٹ": سترہ ڈالر

کوپن خریداری

Name ....
Address ....
....
Postal Code ....
Telephone No. ....

زرِ خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھئے اور ذیل کے پتہ پر بھیجئے

338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگائیے ☐

Editor: M. Lateef Owaisi 338 Hollyberry Trail, Willowdale, Toronto, Ontario, Canada M2H 2P6 Telex No. 06-986766 Tor. Cres